Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

21 مئی 2014

برائے رابطہ: اینڈریو آر مسٹرانگ، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

USAID کے وفد کا گڈو تھرمل پاور پلانٹ کے توسیعی منصوبے کا دورہ

کشمور۔امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (USAID) کے صوبائی ڈائریکٹر برائے سندھ اور بلوچستان لیون ایس واسکن نے اپنے وفد کے ہمراہ گڈو تھرمل پاور پلانٹ کا دورہ کیا اور امریکی حکومت کے تعاون سے جاری توسیعی منصوبے کا جائزہ لیا۔19 ملین ڈالر کی لاگت سے گڈو تھرمل پاور پلانٹ کے تین یونٹس کی توسیع کے بعد 70 میگاواٹ بجلی قومی گرڈ میں شامل ہو گی۔USAID کی جانب سے منصوبے کی تکنیکی نگرانی کے ساتھ ساتھ پاور پلانٹ سے وابستہ 20 انجینئرز کو جدید تربیت بھی فراہم کی جارہی ہے۔

پاور پلانٹ کے دورے کے موقع پر لیون ایس واسکن کا کہنا تھا کہ 'مجھے بہت خوشی ہے کہ امریکی حکومت گڈو تھرمل پاور پلانٹ کی توسیع اور دیگر منصوبوں کے ذریعے توانائی کے بحران سے نمٹنے میں حکومت پاکستان کو معاونت فراہم کر رہی ہے۔'

امریکہ کی جانب سے پاکستان کو توانائی کے شعبے میں فراہم کیے جانے والے تعاون کے دیگر منصوبوں میں منگلا اور تربیلا ڈیم کی توسیع، جامشورو اور مظفر گڑھ پاور پلانٹس کی مرمت اور ستپارہ اور گومل زام ڈیم کی تعمیر شامل ہیں۔ان منصوبوں کی تکمیل کے بعد 1300 میگاواٹ سے زائد بجلی قومی گرڈ میں شامل کی جاچکی ہے جس سے تقریباً ڈیڑھ کروڑ افراد فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

####